## عوام بالخصوص مخیّر حضرات ایم کیوایم پنجاب کنونشن کیلئے بڑھ چڑھ کرعطیات دیں،الطاف حسین

## لاہورمیں ایم کیوایم پنجاب کنونشن کاانعقاد پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ایک نئے باب کااضافہ ثابت ہوگا

## مخیّر حضرات اپنےعطیات MCBبینک پاکستان اکاؤنٹ نمبر 1000863،کوڈنمبر 0073میں جمع کراسکتے ہیں

لندن۔۔۔9،اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے تمام حق پرست عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے پرزوراپیل کی ہے کہ وہ ایم کیوایم پنجاب کنونشن کیلئے بڑھ چڑھ کرعطیات دیں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 25،اپریل 2010ءکولاہور میں عظیم الشان پنجاب کنونشن منعقد کیا جارہا ہے جس میں پنجاب بھر سے ایم کیوایم کے ذمہ داران،کارکنان اورحق پرست عوام شرکت کریں گے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم،پاکستان کی واحد جماعت ہے جوغریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھتی ہے۔ایم کیوایم کوکسی جاگیردار یاوڈیرے کی سرپرستی حاصل نہیں ہےاور ایم کیوایم کے تمام عوامی اجتماعات عوام کےعطیات سے پورے کئے جاتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان سےفرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ اور ملک بھرمیں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کے انقلاب کیلئے جدوجہد کررہی ہےاورلاہور میں ایم کیوایم پنجاب کنونشن کاانعقاد پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ ثابت ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ایک غریب جماعت ہے اورایم کیوایم کوپنجاب کنونشن کے انعقاد کے سلسلے میں عوامی عطیات کی اشدضرورت ہے۔جناب الطاف حسین نےحق پرست عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے پرزوراپیل کی کہ وہ پنجاب کنونشن کے انعقاد کے سلسلے میں بھرپور مالی تعاون کریں اور بڑھ چڑھ کرعطیات جمع کرائیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ مخیّر حضرات اپنےعطیات MCBبینک میں ایم کیوایم پنجاب کنونشن فنڈ کے اکاؤنٹ نمبر 1000863،کوڈنمبر 0073پاکستان میں جمع کراسکتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے تمام کارکنان وحق پرست عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ ایم کیوایم پنجاب کنونشن فنڈ میں بھرپورتعاون کریں اوراپنی بساط کے مطابق ایم کیوایم پنجاب کنونشن فنڈ کے سلسلے میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیروعزیزآباد میں اپنےعطیات جمع کرائیں۔

## ملک میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے خاتمہ کیلئے ہنگامی بنیادوں پراقدامات کئے جائیں۔الطاف حسین

## بجلی کی لوڈشیڈنگ کامسئلہ دن بدن سنگین سے سنگین تر ہوتا جارہاہے،عوام مشکلات اور پریشانیوں میں مبتلا ہیں،

## صنعتی وتجارتی سرگرمیاں بری طرح متاثر ہورہی ہیں،کاروبار تباہ ہورہاہے جس کی وجہ سےعوام سڑکوں پرآنے پرمجبور ہوگئے ہیں

## ایک طرف تو بجلی کی مسلسل لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے دوسری جانب بجلی کے نرخوں میں مسلسل اضافہ کیاجارہاہے

لندن۔۔۔ 9 اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک بھرمیں بجلی کی لوڈشیڈنگ کی سنگین ہوتی ہوئی صورتحال پر گہری تشویش کااظہار کیاہےاوروفاقی حکومت سے مطالبہ کیاہے کہ ملک میں لوڈشیڈنگ کے خاتمہ کیلئے ہنگامی بنیادوں پراقدامات کئے جائیں۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا مسئلہ دن بدن سنگین سے سنگین تر ہوتا جارہاہے،عوام مشکلات اور پریشانیوں میں مبتلا ہیں،صنعتی وتجارتی سرگرمیاں بری طرح متاثر ہورہی ہیں،کاروبارتباہ ہورہا ہے اورسخت گرمی میں عوام لوڈشیڈنگ کاعذاب جھیل رہے ہیں جس کی وجہ سےعوام سڑکوں پرآنے پرمجبور ہوگئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایک طرف تو بجلی کی مسلسل لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے دوسری جانب بجلی کے نرخوں میں مسلسل اضافہ کیاجارہاہے۔جناب الطاف حسین نےعوام سے مکمل ہمدردی اوریکجہتی کااظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ عوام کوبجلی کی لوڈشیڈنگ کے عذاب سے نجات دلانے کیلئے جنگی بنیادوں پراقدامات کئے جائیں اوربجلی کے نرخوں میں اضافہ واپس لیاجائے۔

## 25،اپریل کو پنجاب میں بھی حق پرست کا نیا سورج طلوع ہوگا،افتخار اکبر رندھاوا
## ملتان پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب

ملتان۔۔۔9،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ہی پاکستان کو بچائے گی اور 25،اپریل کو پنجاب میں بھی حق پرستی کا نیا سورج طلوع ہوگا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ملتان پریس کلب میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم لوئر پنجاب زون کے انچارج کرامت علی ،رکن محترمہ فرخندہ پروین ،ایم کیوایم لائرز فورم ملتان کے انچارج طارق ملہزئی ایڈووکیٹ اور سٹی انچارج طارق بٹا بھی موجود تھے۔افتخار اکبر رندھاوا نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اپنے قیام کے روزِاول سے ہی ملک بھر کے غریب ،مظلوم ،محروم عوام کی خوشحالی اوران کے تمام تر حقوق کے حصول کا مشن لے کر چل رہی ہے اور آج تک اپنے اسی مشن پر تیز رفتاری کے ساتھ گامزن ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم سمجھتی ہے کہ ملک وقوم پر مسلط فرسودہ جاگیردارانہ ،وڈیرانہ نظام نے غریب و متوسط طبقے کے عوام کو ان کے حقوق سے محروم کر رکھا ہے اور جب تک عوام اس نظام سے چھٹکارے کیلئے ایم کیوایم کی حق پرستانہ تحریک کا ساتھ نہیں دیں گے اس وقت تک محروم عوام کو ان کے حقوق ملنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔انہوں نے کہا کہ ان دنوں پاکستان کی بقاء وسلامتی کو خطرات لاحق ہیں اور ملک انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اور وقت کا تقاضا ہے کہ حقوق سے محروم پنجاب کے عوام جو پاکستان کو بچانا چاہتے ہیں وہ ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہوجائیں اور انشاء پھر ایم کیوایم ہی پاکستان کو بچائے گی۔انہوں نے کہا کہ آج قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ آزاد کشمیر کے بعد گلگت بلتستان تک پہنچ گیا ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ ایم کیوایم کے حق پرستانہ پیغام کو ملک بھر کے عوام اپنا رہے ہیں اور ایم کیوایم کی جدوجہد میں شامل ہوکر ملک وقوم کو خطرات سے نکالنے میں اپنا عملی کردار ادا کرنا چاہتے ہیں۔افتخار اکبر رندھاوا نے پنجاب بھر کے مزدوروں ، کسانوں ،ہاریوں ،طلبہ وطالبات ،خواتین ،بزرگوں ،ڈاکٹرز ،وکلاء،اساتذہ ،کھلاڑیوں ،فنکاروں غرض زندگی کے ہر شعبہ سے رکھنے والے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ پنجاب کنونشن میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اوراسے تاریخی کامیابی سے ہمکنار کریں۔

## 25،اپریل کو ہونیوالا پنجاب کنونشن ملک بھر کے 98فیصد مظلوم عوام کے اتحاد کا مظہر ہوگا،ارکان قومی اسمبلی
## پنجاب بھر کے مظلوم عوام کنونشن میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں

کراچی۔۔۔9،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ 25اپریل کو ایم کیوایم کے تحت پنجاب میں ہونیوالا کنونشن ملک بھر کے 98فیصد مظلوم عوام کے اتحاد کا مظہر ہوگا۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ملک بھر کی تمام قومیتوں ،برادریوں اور مذاہب کے ماننے والوں کے جائز حقوق کے حصول کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم میں ہر قومیت ،مذہب اور برادری کی نمائندگی موجود ہے جس کے باعث ایم کیوایم ایک گلدستہ کی شکل اختیار کرگئی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا یہ گلدستہ 25،اپریل کو پنجاب میں بھی سجے گا جہاں پنجاب کے ہاری ،کسان اور مظلوم عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین سے اپنی والہانہ عقیدت ومحبت کا اظہار کریں گے۔انہوں نے کہا کہ 25،اپریل کو ایم کیوایم کا کنونشن ثابت کردیگا کہ ایم کیوایم ملک بھر سمیت پنجاب کے مظلوموں کی بھی جماعت ہے اور اب مظلوموں کے دلوں سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی محبت کو کوئی سازش اور ہتھکنڈہ نہیں نکال سکتا۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے پنجاب بھر کے عوام سے پرزور اپیل کی کہ وہ 25اپریل کو ایم کیوایم پنجاب کنونشن میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کے خلاف اپنے بھرا تحاد کا مظاہرہ کریں۔

## ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔9،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 86 کے کارکن سلیم مرزا کے والد سید آفتاب مرزا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے (آمین)

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کی والدہ جمیلہ خاتون کی فاتحہ سوئم

## قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان،مختلف مذہبی،سیاسی وسماجی شخصیات

## ڈاکٹرز،انجینئرز،دانشور،کھیلاڑیوں،صحافیوں،تاجروں،وکلاءسمیت حکومتی شخصیات اورسٹی گورنمنٹ کے افسران واہلکاروں اورعزیزواقارب کی شرکت

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کی والدہ جمیلہ خاتون کی فاتحہ سوئم بعدنماز جمعہ مرحومہ کی رہائشگاہ گلشن اقبال پر ہوئی۔فاتحہ سوئم میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار،انیس احمد قائم خانی اوررابطہ کمیٹی کے دیگرارکان سمیت حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء،مشیران ، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی،سابق ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین،کونسلرز،ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ارکان،مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد،مختلف مذہبی وسیاسی وسماجی تنظیموں کے رہنماؤں مختلف مکاتب فکر کے علمائے کرام،ڈاکٹرز،انجینئرز،دانشور،ادیب، شاعر،اساتذہ، پروفیسرز،کھیلاڑی ،سینئر صحافی، وکلاء،تاجراورحکومت سندھ، افسران وملازمین کے علاوہ بڑی تعداد میں حق پرست عوام اور مرحومہ کے عزیزواقارب نے شرکت کی۔ممتاز عالم دین ڈاکٹرفضل احمد نے خشوع وخضوع کے ساتھ دعاکرائی۔اس سے قبل قرآن ونعت خوانی کی مختصرمحفل منعقدہوئی جس میں ختمِ قرآن کیے گئے جبکہ ممتازنعت خواں صدیق اسماعیل اوردیگرنے بارگاہ رسالتؐ میں گلہائے عقیدت پیش کیا۔فاتحہ سوئم کے سلسلے میں خواتین کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع بھی مصطفیٰ کمال کی رہائشگاہ پرہواجس میں رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل،آنسہ ممتازانوار،حق پرست اراکین اسمبلی،شعبہ خواتین کی انچارج ودیگرذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔شرکاءنے سید مصطفیٰ کمال سے فرداًفرداًملاقات کی اوروالدہ جمیلہ خاتون کے انتقال پرتعزیت کااظہارکرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت اورسوگواران کے صبرجمیل کیلئے دعائیں کیں۔

☆☆☆☆☆